**الطاف حسین نے سندھ اور بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں ممکنہ سمندری طوفان،**

**سیلاب اور طوفانی بارشوں سے متاثرین کی امداد کیلئے تنظیمی طور پر ہنگامی صورتحال نافذ کردی**

**ایم کیوایم کے کارکنان ساحلی علاقوں کے متاثرین کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے اور انہیں پانی، غذائی امداد پہنچانے کیلئے سرگرم ہوجائیں اور امدادی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں**

**ایم کیوایم بلوچستان کے کارکنان گوادر، جیوانی اور دیگر متاثرہ علاقوں کے متاثرہ لوگوں کی ہر ممکنہ مدد کریں**

**خدمت خلق فاؤنڈیشن کو امدادی سرگرمیاں تیز کرنے اور میڈیکل ایڈ کمیٹی کو طبی امدادی کیمپ قائم کرنے کی ہدایت**

**سیلاب اور طوفانی بارشوں کے متاثرین کی امداد کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے فوری طور پر 25 لاکھ روپے کی امداد کا اعلان**

**رابطہ کمیٹی، کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی، میڈیکل ایڈ کمیٹی، دیگر شعبہ جات، اندرون سندھ کے زونوں اور ایم کیوایم بلوچستان کے آرگنائزر یوسف شاہوانی سے ٹیلیفون پر علیحدہ علیحدہ گفتگو**

**مخیّر حضرات سیلاب اور طوفانی بارشوں کے متاثرین کی امداد کیلئے بڑھ چڑھ کر عطیات دیں۔الطاف حسین کی اپیل**

لندن۔۔۔5 جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبہ سندھ اور بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں ممکنہ سمندری طوفان، سیلاب اور طوفانی بارشوں سے متاثرین کی امداد کیلئے تنظیمی طور پر ہنگامی صورتحال نافذ کردی ہے اور سندھ اور بلوچستان سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے تمام کارکنوں اور ذمہ داروں اور شعبہ جات کو ہدایت کی ہے کہ وہ متاثرین کی امداد کیلئے ہنگامی بنیادوں پر امدادی سرگرمیاں شروع کردیں اور امدادی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ انہوں نے یہ بات آج ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی، کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی، میڈیکل ایڈ کمیٹی، دیگر شعبہ جات، اندرون سندھ کے زونوں اور ایم کیوایم بلوچستان کے آرگنائزر یوسف شاہوانی سے ٹیلیفون پر علیحدہ علیحدہ گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے ذمہ داران سے گفتگو کرتے ہوئے ان سے ابراہیم حیدری سمیت کراچی کے تمام ساحلی علاقوں ٹھٹھہ، بدین اور سندھ کے دیگر ساحلی علاقوں کی تازہ ترین صورتحال معلوم کی۔ ذمہ داران نے انہیں ممکنہ سمندری طوفان اور بارشوں کے باعث ساحلی علاقوں میں پھنسے ہوئے افراد اور گھروں سے نقل مکانی کرنے والے افراد کی مشکلات سے آگاہ کیا۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم بلوچستان کے آرگنائزر یوسف شاہوانی سے رابطہ کرکے ان سے بلوچستان کی صورتحال معلوم کی۔ یوسف شاہوانی نے جناب الطاف حسین کو بلوچستان میں طوفانی بارشوں کے باعث گوادر، جیوانی اور دیگر ملحقہ علاقوں میں آنے والی تباہی اور متاثرہ عوام کی مشکلات سے آگاہ کیا۔ جناب الطاف حسین نے طوفانی بارشوں اور سیلاب سے ہونیوالے نقصانات پر دلی افسوس کا اظہار کیا اور مختلف ساحلی علاقوں میں پھنسے ہوئے افراد اور سیلاب اور طوفانی بارشوں کے متاثرین کی امداد کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے فوری طور پر 25 لاکھ روپے کی امداد کا اعلان کیا۔انہوں نے رابطہ کمیٹی کو ہدایت کی کہ وہ ابراہیم حیدری، بابا، بھٹ، منوڑہ، شمس پیر، صالح آباد، ریڑھی سمیت کراچی کے دیگر متاثرہ علاقوں اور ٹھٹھہ، بدین اور سندھ کے دیگر متاثرہ علاقوں میں فوری طور پر امداد پہنچانے کا بندوبست کریں۔انہوں نے ایم کیوایم کی کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان اور اندرون سندھ کے زونوں کے ذمہ داروں اور کارکنوں کو ہدایت کی کہ وہ ساحلی علاقوں کے متاثرین کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے اور انہیں پانی، غذائی امداد پہنچانے کیلئے سرگرم ہوجائیں اور امدادی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔انہوں نے بلوچستان کے کارکنوں کو بھی ہدایت کی کہ وہ گوادر، جیوانی اور دیگر متاثرہ علاقوں کے متاثرہ لوگوں کی ہر ممکنہ مدد کریں۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو اپنی امدادی سرگرمیاں تیز کرنے اور ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کو متاثرین کو طبی امداد فراہم کرنے کیلئے طبی امدادی کیمپ قائم کرنے کی ہدایت کی۔ جناب الطاف حسین نے عوام خصوصاً مخیّر حضرات سے بھی اپیل کی کہ وہ ممکنہ سمندری طوفان اور سیلاب اور طوفانی بارشوں کے متاثرین کی امداد کیلئے بڑھ چڑھ کر عطیات دیں اور قدرتی آفات کے باعث تباہی کا شکار اور بھوک پیاس میں مبتلا افراد کو پانی اور غذائی امداد پہنچانے کیلئے کراچی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکز یا حیدرآباد اور سندھ کے دیگر شہروں میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مراکز پر پانی کی بوتلیں، خشک اجناس، کپڑے اور دیگر امدادی سامان پہنچائیں۔

## سمندری طوفان کے باعث ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں

ایمرجنسی سینٹر قائم کر دیا گیا

کراچی۔۔۔5جون2010ء

سمندری طوفان کے باعث کراچی میں طوفانی بارشوں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں ایمرجنسی سینٹر قائم کر دیا گیا ہے۔ایمرجنسی سینٹر میں رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست عوامی نمائندے 24 گھنٹے موجود رہیں گے جو نہ صرف شہر کے کسی بھی علاقے میں ہونے والی طوفانی بارشوں کے باعث تباہ کاریوں کے تفصیلات جمع کریں گے بلکہ ضرورت پڑنے پر متاثرین کو ایمبولینس سروس، طبی امداد اور دیگر خدمات بھی مہیا کریں گے۔عوام کسی بھی حوالہ سے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد کے فون نمبر36313690اور36329900پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

## ایم کیوایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی پہلی امدادی ٹیم بدین کے متاثرین کیلئے روانہ

کراچی۔۔5جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر صوبہ سندھ کے ساحلی علاقوں میں ممکنہ سمندری طوفان، سیلاب اور طوفانی بارشوں سے متاثرین کی امداد کیلئے تنظیمی طور پر ہنگامی صورتحال نافذ کردی ہے اور اس سلسلے میں ایم کیوایم و خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت امدادی سرگرمیاں بھی تیز کردی گئی ہیں اور مختلف امدادی ٹیمیں تشکیل دے دی گئیں ہیں۔اس سلسلے میں پہلی امدادی ٹیم حق پرست صوبائی وزیر نثار احمد پنہور کی سربراہی میں بدین کیلئے روانہ کردی گئی ہے جس میں ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹر اور پیر امیڈیکل اسٹاف، ایم کیوایم کے کارکنان و خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار بھی شامل ہیں، جو بدین کے علاقے گلارچی، احمد راجو اور دیگر علاقوں میں میڈیکل اور امدادی کیمپ قائم کریں گے جس سے متاثرین کو فوری طبی و امدادی سامان مہیا کیا جائے گا۔علاوہ ازیں ممکنہ سمندری طوفان، سیلاب اور طوفانی بارشوں سے ٹھٹھہ کے متاثرین کی امداد کیلئے دوسری ٹیم آج رات اتوار کی صبح روانہ کی جائے گی۔

## کراچی میں اسپتالوں کو بم اڑانے، ڈاکٹروں کی ٹارگٹ کلنگ اور دھمکی آمیز خطوط کا سختی سے نوٹس لیا جائے، ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔5، جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کراچی میں اسپتالوں کو بم سے اڑانے اور ڈاکٹروں کو دھمکی آمیز خطوط ملنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ لاہور کے جناح اسپتال میں دہشت گردوں کے سفاکانہ حملے اور فائرنگ کر کے متعدد افراد کی ہلاکت کے واقعہ کے بعد کراچی میں ڈاکٹروں کو دھمکی آمیز خطوط اور سنگین نتائج کی دھمکیوں کو ہرگز نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کی جانب سے کراچی میں ڈاکٹروں کی ٹارگٹ کلنگ کے باعث شعبہ طب سے وابستہ افراد میں گہری تشویش پائی جارہی ہے اور ان کی جان و مال عدم کا تحفظ کا شکار ہو کر رہ گئی ہے جس کے باعث متعدد ڈاکٹرز ملک چھوڑنے پر مجبور ہو گئے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ جہاں مسیحاؤں کو تحفظ حاصل نہ ہو اور ان کے ساتھ دہشت گردوں کا سفاکانہ عمل جاری رہے وہ معاشرہ کبھی پنپ نہیں سکتا۔ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں ڈاکٹروں کی ٹارگٹ کلنگ، اسپتالوں کو بم سے اڑانے اور دھمکی آمیز خطوط بھیجنے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے۔

## کالم نگار حسن ظہیر کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔5، جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے روزنامہ ایکسپریس کے کالم نگار حسن ظہیر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم جیکب آبادزون کے کارکن سیدغلام سرورشاہ کے انتقال پرالطاف حسین کا اظہارافسوس

کراچی۔۔۔05/جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم جیکب آبادزون یونٹ سٹی نمبر 1 کے کارکن سیدغلام سرورشاہ کے انتقال پر دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اورسوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔05جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم اورنگی سیکٹر یونٹ123 کے کارکن نوشاد عالم کے والد سیداشرف الدین کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆